


Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़

روزنامہ
# عوامی نیوز

کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں




Pages:12 ● 31 :شمارہ ● 12:جلد ● KOLKATA ● Saturday, 1st February, 2025 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● ۲ رشعبان المعظم ۱۴۴۶ھ ● بمطابق ● کلکتہ ● سنیچر، یکم رفروری ۲۰۲۵ء

# ”100 لوگ مارے گئے ہیں، یوگی سرکار لاشوں کو چھپانے میں لگی ہے“

## دہلی جاتے ہوئے مہاکمبھ سانحے پر ابھیشیک بنرجی نے دھماکہ خیز بیان دیا



کولکاتا، 31/جنوری: مہاکمبھ میں جو دردناک حادثہ ہوا اور جس کی زد میں آکر 30 عدد عقیدتمندوں نے اپنی جانیں گنوائیں۔ یوگی حکومت نے بھی اس اعداد وشمار کی توثیق کردی۔ تاہم ڈائمنڈ ہاربر کے ایم پی ابھیشیک بنرجی نے جو دھماکہ خیز بیان دے ڈالا اور بتایا کہ یوگی حکومت جان بوجھ کر مرنے والوں کی تعداد کو چھپانے میں لگی ہے تاکہ کسی بھی طرح سے لوگوں تک یہ سچائی پہنچ نہ پائے۔ دہلی جاتے ہوئے دمدم ایئرپورٹ پر ابھیشیک بنرجی نے یوگی آدتیہ ناتھ کی انتظامی کوتاہی کو بھی نشانہ بنایا۔ ابھیشیک بنرجی نے کہا کہ کبھی تو 30 لوگوں کے مرنے کی باتین سنی جارہی ہیں تو کبھی 40 مگر جہاں تک میں جانتا ہوں اتنی بھاری بھیڑ میں اچھل کر نہ ہی 30 اور نا ہی 40 مرے ہونگے بلکہ مرنے والوں کی تعداد 100 کے قریب ہوگی۔ لیکن یوگی حکومت مرنے والوں کی تعداد بھی چھپانے میں لگی ہے۔ میلے میں جانے والے غریب لوگوں کے تحفظ میں کوئی بھی دھیان نہیں دیا گیا۔ بلکہ ایک طرح سے کوتاہی برتی گئی ہے۔ اگر ایسا ہی دردناک حادثہ کسی غیر بی جے پی والی ریاست میں ہوجاتی تو اب تک وہاں صدر راج لگانے کی مانگ اٹھ جاتی۔ وائے قسمت مہاکمبھ میلے میں اگر یوگی حکومت نے کسی کا بہتر خیال رکھا تو وہ بڑے بڑے سرمایہ دار و امیر ترین لوگ۔ انتظامیہ بھی جی حضوری کرتے ہوئے ان ہی بڑے لوگوں کی خاطر مدارات میں لگے ہوئے تھے۔ اتنا بڑا قیامت خیز سانحہ رونما ہوگیا مجھے جان کر نہایت ہی رنج پہنچا، اب تو میں یہی کہوں گا کہ اس سانحہ سے بی جے پی کو سبق لینا چاہئے۔ یہ بھی جانتا ہوں کہ بے درد پارٹی کبھی بھی کسی بھی حادثے سے سبق نہیں لیتی ہے۔ کیونکہ وہ اس ملک کو اپنا زرخرید ملک سمجھتی

............باقی صفحہ 04 پر

# مہاکمبھ میں پھر ہوا حادثہ، پیپاپُل ٹوٹنے سے کئی عقیدت مند دبے، ریسکیو مہم جاری






پریاگ راج، 31 جنوری: پریاگ راج میں جاری مہاکمبھ میلہ کے دوران ایک بار پھر حادثہ کی خبر سامنے آ؟ رہی ہے۔ موصولہ اطلاع کے مطابق جمعہ (31 جنوری) کی دوپہر سنگم حلقہ سے باہر فافامئو علاقہ میں گنگا ندی پر بنا پیپاپُل اچانک ٹوٹ گیا۔ اس حادثہ کے بعد وہاں لوگوں میں افراتفری مچ گئی۔ اندیشہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ کئی لوگ وہاں پر دب گئے ہیں، جنھیں ریسکیو کرنے کی کوششیں چل رہی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جائے وقوع پر حالات سنگین بنے ہوئے ہیں۔ پولیس اور فائر بریگیڈ کی ٹیم ریسکیو آ؟ پریشن میں مصروف ہے۔ اس حادثہ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی کے ساتھ وائرل ہورہی ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ پیپاپُل ٹوٹا ہوا ہے اور کئی لوگ اس پر گرے ہوئے ہیں۔ کچھ لوگ گرے ہوئے لوگوں کو اٹھانے کی کوشش کرتے بھی دکھائی دے رہے ہیں۔ ایک ویڈیو میں آواز آ رہی ہے کہ سینکڑوں لوگ دبے ہوئے ہیں اور طلبا بڑی تعداد میں ان کی مدد کر رہے ہیں۔ حالانکہ انتظامیہ کی طرف سے ابھی کچھ بھی جانکاری نہیں دی گئی ہے کہ اس حادثہ میں کتنے لوگ دبے یا زخمی ہوئے ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ 29 جنوری کو مونی اماوسیا کے موقع پر غسل کے دوران سنگم علاقہ میں بھگدڑ مچ گئی تھی جس میں 30 لوگوں کی موت ہوئی تھی اور تقریباً 60 افراد زخمی بھی ہوئے تھے۔ مہاکمبھ میں ہی ایک دیگر علاقہ میں بھی بھگدڑ کی خبر سامنے آئی جہاں غیر مصدقہ خبروں میں 24 ہلاکتیں بتائی گئی ہیں۔ اس میلہ کے دوران گزشتہ کچھ دنوں میں آتشزدگی کی بھی چند خبریں سامنے آئی ہیں، لیکن انتظامیہ کی فوری کارروائی سے کوئی بڑا نقصان نہیں ہوا۔ بہرحال، پیپاپُل ٹوٹنے کا تازہ واقعہ جس فافامئو علاقہ میں ہوا ہے، وہاں سے سنگم کی دوری تقریباً 10 کلومیٹر ہے۔ اس راستے سے

............باقی صفحہ 04 پر

# ڈونلڈ ٹرمپ کی ہندوستان اور چین کو وارننگ، 'ڈالر کو چیلنج کیا تو 100 فیصد 'ٹیرف' لگایا جائے گا'



واشنگٹن 31 جنوری: امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے برکس ممالک، جن میں ہندوستان، چین، روس، برازیل اور جنوبی افریقہ شامل ہیں، کو سخت وارننگ دی ہے کہ اگر انہوں نے امریکی ڈالر کے غلبہ کو چیلنج کرتے ہوئے اپنی کرنسی لانچ کی تو ان پر 100 فیصد ٹیرف نافذ کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بیان اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ٹروتھ سوشل' پر ایک پوسٹ میں دیا۔ ٹرمپ نے کہا کہ برکس ممالک امریکی ڈالر کی اہمیت کو کم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور اگر وہ نئی کرنسی کا اجراء یا کسی اور کرنسی کی حمایت کریں گے تو انہیں امریکی بازار سے باہر کردیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ اس خطرے کو خاموشی سے نہیں دیکھے گا اور سخت اقدامات کرے گا۔ برکس ممالک کی جانب سے اپنی کرنسی بنانے کا مقصد عالمی تجارت میں امریکی ڈالر پر انحصار کو کم کرنا ہے۔ روس اور چین پہلے ہی یوان اور دیگر مقامی کرنسیوں میں

............باقی صفحہ 04 پر

# مہاکمبھ حادثہ: اکھلیش یادو کا یوپی حکومت پر اموات کی تعداد چھپانے کا الزام، متاثرین کو سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ



لکھنؤ 31 جنوری: سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے جمعہ کو یوپی حکومت سے مہاکمبھ میں متاثرہ عقیدت مندوں کو طبی خدمات، کھانا اور کپڑے فراہم کرنے کے لیے کہا ہے۔ اکھلیش کی یہ تبصرہ اس وقت آیا جب بدھ کو مہاکمبھ کے سنگم علاقے میں لاکھوں عقیدت مندوں کے مقدس اسنان کے لیے جگہ حاصل کرنے کی جلد بازی میں بھگدڑ مچنے سے کم از کم 30 افراد ہلاک اور 60 زخمی ہو گئے۔ اکھلیش نے مزید کہا کہ حادثات کی حقیقت، اعداد و شمار چھپانا اور شواہد چھپانا جرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوپی حکومت اور سی ایم اخلاقی اور سیاسی طور پر ناکام ہو چکے ہیں، حکومت اموات کی تعداد چھپا رہی ہے تاکہ معاوضہ نہ دینا پڑے، یوپی حکومت تمام معلومات چھپا رہی ہے۔ حکومت چاہتی ہے کہ عوام کی توجہ بٹ جائے، حادثے کے پیچھے کوئی سازش نہیں، صرف حکومت کی ناکامی ہے، سادھو سنت بھی یہی کہہ رہے ہیں۔

............باقی صفحہ 04 پر

# سونیا گاندھی کے بیان کو قصداً توڑ امروڑا گیا

## وہ صدر جمہوریہ کا بہت احترام کرتی ہیں: پرینکا گاندھی



نئی دہلی، 31 جنوری: پارلیمنٹ میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی تقریر کے بعد سونیا گاندھی کے ذریعہ کیے گئے ایک تبصرہ پر بی جے پی حملہ آور نظر آرہی ہے۔ اس معاملے میں کانگریس جنرل سکریٹری اور کیرالہ کے وائناڈ سے رکن پارلیمنٹ پرینکا گاندھی نے جوابی حملہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ میری ماں صدر جمہوریہ کا بہت احترام کرتی ہیں اور ان کی باتوں کو قصداً توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ سونیا گاندھی کے تبصرہ کو لے کر معافی کا مطالبہ کرنے والی بی جے پی کو پہلے 'ملک کو ڈبانے' کے لیے معافی مانگنی چاہیے۔ دراصل کانگریس پارلیمانی پارٹی کی چیف سونیا گاندھی نے آج پارلیمنٹ میں صدر جمہوریہ کی تقریر کے بعد کہا کہ وہ اپنے خطاب کے آ؟خر تک پہنچتے پہنچتے تھک گئی تھیں اور بہت مشکل سے بول پا رہی تھیں۔ بی جے پی صدر جے پی نڈا سمیت کئی بی جے پی لیڈران نے اس بیان پر تنازعہ کھڑا کرنے کی کوشش کی۔ ساتھ ہی انھوں نے سونیا گاندھی کے تبصرہ کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ وہ صدر جمہوریہ اور ہندوستان کے قبائلی طبقہ سے بلاشرط معافی مانگیں۔ بی جے پی لیڈروں کی طرف سے اس معاملے میں تنازعہ کھڑا کیے جانے پر پرینکا گاندھی نے پارلیمنٹ احاطہ میں نامہ نگاروں سے کہا کہ ”میری ماں 78 سال کی ایک بزرگ خاتون ہیں۔ انھوں نے صرف یہ کہا کہ صدر اتنی طویل تقریر پڑھ کر تھک گئی ہوں گی۔ وہ خواتین کا بہت احترام کرتی

............باقی صفحہ 04 پر



# اسٹار کرکٹر وراٹ کوہلی کا رنجی میں بھی فلاپ شو جاری:

## ہمانشو سنگوان کی بالنگ کے آگے چاروں خانے چت، ہوئے کلین بولڈ




نئی دہلی، 31 جنوری (آئی این ایس انڈیا) :ہندوستان کے مایہ ناز کرکٹر اور اسٹار کھلاڑی وراٹ کوہلی کی خراب فارم رنجی ٹرافی میں بھی جاری ہے۔ کوہلی ریلوے کے خلاف میچ کی پہلی اننگز میں محض 6 رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوگئے۔ انہیں ہمانشو سنگوان نے کلین بولڈ کیا۔ کوہلی گزشتہ 12 سالوں میں اپنا پہلا رنجی ٹرافی میچ کھیل رہے تھے ؛لیکن کرکٹ میدان پر ان کی خراب فارم بدستور جاری ہے۔ یہ بھی خیال رہے کہ ، کپتان روہت ، یشسوی جیسوال، کے ایل راہل، رشبھ پنت جیسے کھلاڑی رنجی میں فلاپ ثابت ہوئے ہیں۔ دہلی بمقابلہ ریلوے میچ 30 جنوری کو شروع ہوا تھا، ریلوے نے پہلے بلے بازی کی تھی، دوسری انگ میں دہلی کو بلے بازی کرنے کا موقعہ ملا۔ کوہلی نے شروع میں اچھی بلے بازی کی؛ لیکن 28 ویں اوور کی چوتھی گیند پر ریلوے کے دائیں ہاتھ کے تیز گیند باز ہمانشوسنگوان کی گیند پر کلین بولڈ ہوگئے۔ سب سے دلچسپ بات یہ تھی کہ کوہلی نے آؤٹ ہونے سے عین قبل گیند پر چوکا لگایا تھا۔ لیکن اگلی گیند وراٹ کی توقع سے زیادہ سوئنگ ہوئی جس کی وجہ سے ان کا آف اسٹمپ اکھڑ کر دور جا گرا۔ خیال رہے کہ دہلی بمقابلہ ریلوے میچ 30 جنوری کو شروع ہوا تھا، جسے دیکھنے کے لیے پہلے دن ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں 15 ہزار سے زیادہ لوگوں کا ہجوم جمع ہوگیا تھا۔ پہلے دن ریلوے کی پوری ٹیم 241 کے اسکور پر ڈھیر ہوگئی تھی جس کے جواب میں دہلی نے پہلے دن کا کھیل ختم ہونے تک ایک وکٹ کے نقصان پر 41 رنز بنا لئے تھے۔ ویسے تو پہلے دن شائقین کو وراٹ کی بلے بازی دیکھنے کو نہیں ملی ؛لیکن دوسرے دن بھی وہ صرف 15 گیندیں کھیلنے کے بعد اپنی وکٹ گنوا بیٹھے۔ وراٹ کوہلی کو اس سے قبل آسٹریلیا کے خلاف بارڈر گواسکر ٹرافی میں کھیلتے ہوئے دیکھا گیا تھا۔ اس سیریز میں کوہلی 9 اننگز میں صرف 190 رنز ہی بنا پائے تھے۔ انہوں نے پرتھ ٹیسٹ میں سو رنز بنائے لیکن دیگر 8 اننگز میں وہ مجموعی طور پر صرف 90 رنز ہی بنا سکے۔ قیاس آرائیاں کی جا رہی تھیں کہ ڈومیسٹک کرکٹ میں واپسی سے وراٹ کو اپنی فارم دوبارہ بحال کرنے میں مدد ملے گی، لیکن ہمانشوسنگوان نے جس طرح انہیں آؤٹ کیا ہے، اس سے لگتا ہے کہ کوہلی ابھی فارم میں واپسی سے بہت دور ہیں۔ اس میچ کی بات کریں، تو اسٹمپ ہونے تک دہلی نے اپنی دوسری انگ میں سات وکٹ گنوا کر 334 کا اسکور کھڑا کیا ہے۔ جس میں دہلی کے کپتان آیوش بڈونی کے شاندار 99 رن بنائے ہیں، جبکہ سمت ماتھر نے 78 رنوں سے اپنی شراکت ادا کی ۔ یہ میچ دہلی کے ارون جیٹلی میدان (فیروز شاہ کوٹلہ) میں کھیلا جارہا ہے۔

## ہندوستانی خواتین کی انڈر 19 ٹیم انگلینڈ کو نو وکٹوں سے شکست دے کر ٹی 20 ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچ گئی



کوالالمپور، 31 جنوری (یو این آئی) پارونیکا سسودیا اور ویشنوی شرما (تین وکٹ) کی شاندار گیند بازی کے بعد ہندوستان نے جی کملینی (ناٹ آؤٹ 56) اور جی ترشا (35) کی شاندار بلے بازی کی بدولت خواتین کا انڈر 19 ٹی 20-ورلڈکپ کے دوسرے سیمی فائنل میں انگلینڈ کو نو وکٹوں سے عبرتناک شکست دے کر فائنل میں جگہ بنالی۔ فائنل میں ہندوستانی ٹیم ٹائٹل کے لیے جنوبی افریقہ سے ٹکرائے گی۔

114 رنز کے ہدف کے تعاقب میں ہندوستان کی اوپننگ جوڑی جی کملینی اور جی تریشا نے اچھی شروعات کی اور پہلی وکٹ کے لیے 60 رنز کی شراکت قائم کی۔ تاہم نویں اوور میں فوبی بریٹ نے جی تریشا کو آؤٹ کرکے اس شراکت کو توڑ دیا۔ جی ترشا نے 29 گیندوں میں پانچ چوکے لگا کر 35 رنز بنائے۔ اس کے بعد بلے بازی کے لیے آنے والی سانیکا چالکے نے جی کملینی کے ساتھ جیت کی شراکت داری کی۔ دونوں بلے بازوں نے شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 15 اوورز میں ایک وکٹ پر 117 رنز بنا کر اپنی ٹیم کو فتح سے ہمکنار کیا۔ جی کملینی نے 50 گیندوں میں آٹھ چوکے لگا کر رن (ناٹ آؤٹ 56) بنائے ۔ جبکہ سانیکا چالکے (11) رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔

اس سے قبل آج انگلینڈ کی خواتین ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ جمائما اسپینس اور ڈیوینا پیرین کی اوپننگ جوڑی نے محتاط انداز میں کھیلتے ہوئے پہلی وکٹ کے لیے 37 رنز جوڑے ۔ پانچویں اوور میں پارونیکا سسودیا نے جمائما اسپینس (نو) کو بولڈ کر کے ہندوستان کو پہلی کامیابی دلائی۔ سیسودیا نے اگلی ہی گیند پر ٹرڈی جانسن (0) کو بولڈ کر کے پویلین بھیج دیا۔ اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آنے والے کپتان ابی نورگرو نے ڈیوینا پیرین کے ساتھ مل کر اننگز کو سنبھالا۔ دونوں بلے بازوں کے درمیان تیسری وکٹ کے لیے 44 رنز کی شراکت ہوئی لیکن 12 ویں اوور میں ایوشی شکلا نے ڈیوینا پیرین کو بولڈ کر کے اپنی ٹیم کو تیسری کامیابی دلائی۔ ڈیوینا پیرین نے 40 گیندوں میں چھ چوکے اور دو چھکے لگا کر 45 رنز بنائے۔ اس کے بعد انگلینڈ نے بھی جلد ہی دو وکٹیں گنوا دیں۔ ہندوستانی باؤلنگ اٹیک کے خلاف انگلینڈ کے سات بلے باز دوہرے ہندسے تک نہیں پہنچ سکے۔ ابی نورگرو نے 25 گیندوں میں تین چوکے اور ایک چھکا لگا کر (30) رنز بنائے۔ انگلینڈ نے مقررہ 20 اوورز میں آٹھ وکٹوں پر 113 رنز بنائے ۔ اموسورین کمار 14 (14) رنز بنانے کے بعد ناٹ آؤٹ رہے۔
ہندوستان کی جانب سے پارونیکا سسودیا اور ویشنوی شرما نے تین تین وکٹیں حاصل کیں۔ ایوشی شکلا نے دو بلے بازوں کو آؤٹ کیا۔

## اسٹار بلے باز وراٹ کوہلی کو کلین بولڈ کرنے والے ہمانشو سنگوان کون ہیں؟





نئی دہلی، 31 جنوری (آئی این ایس انڈیا): رنجی ٹرافی میں دہلی بمقابلہ ریلوے میچ 30 جنوری سے شروع ہوا تھا۔ وراٹ کوہلی پہلے دن بیٹنگ نہیں کر سکے تھے؛ لیکن جب وہ دوسرے دن بیٹنگ کے لیے آئے تو صرف 15 گیندیں کھیل سکے۔ انہوں نے صرف 6 رنز بنائے۔ ایک طرف کوہلی اپنی خراب فارم کی وجہ سے تنقیدوں میں گھرے ہیں تو دوسری طرف انہیں کلین بولڈ کرنے والے ہمانشوسنگوان نے بھی کافی سرخیوں میں جگہ بنائی ہے۔ آخر ہمانشوسنگوان کون ہیں، جن کی ایک گیند نے کوہلی کو کلین بولڈ کردیا۔ ہمانشوسنگوان دائیں ہاتھ کے تیز گیند باز جو ریلوے کے لیے کھیلتے ہیں، 2 ستمبر 1995 کو نجف گڑھ، دہلی میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے دہلی کے لیے کھیلتے ہوئے 2019 میں وجے ہزارے ٹرافی میں اپنا لسٹ-اے ڈیبیو کیا۔ اسی سال انہوں نے سید مشتاق علی T20 ٹرافی اور رنجی ٹرافی میں کھیلتے ہوئے اپنا فرسٹ کلاس ڈیبیو بھی کیا۔ ہمانشوسنگوان نئی دہلی ریلوے اسٹیشن پر ٹکٹ کلکٹر کے طور پر کام کرتے تھے۔ ہمانشو کی ماں پیشے سے اسکول ٹیچر ہیں اور والد ایک بینک میں منیجر کے طور پر کام کرتے ہیں۔ دراصل انہیں ریلوے میں ملازمت کے بارے میں ایک دوست کے ذریعے معلوم ہوا۔ درخواست دینے کے 6 ماہ کے اندر انہیں ٹکٹ کلکٹر کی نوکری مل گئی۔ ہمانشوسنگوان انڈر 19 سطح پر دہلی کے لیے رشبھ پنت کے ساتھ کھیل چکے ہیں۔ بدقسمتی سے انہیں زیادہ کامیابی نہیں مل سکی، انہوں نے ہریانہ کی ٹیم میں قسمت آزمائی لیکن وہاں بھی کامیابی نہیں ملی۔ ہمانشو نے راجستھان کے جھن جھنوں میں کافی وقت گزارا اور یہیں پلا بڑھا۔ انہوں نے 2018 میں سی کے نائیڈو ٹرافی میں انڈر 23 میں ڈیبیو کیا۔ انہوں نے سیزن میں کھیلے گئے 7 میچوں میں 37 وکٹیں حاصل کیں، اس مضبوط کارکردگی کی وجہ سے انہیں رنجی ٹرافی میں ڈیبیو کا موقع ملا۔ اپنے ڈیبیو سیزن میں انہوں نے ممبئی کیخلاف رنجی میچ میں زبردست فارم میں موجود اجنکا رہانے اور پرتھوی شا کی وکٹیں لے کر سرخیاں حاصل کی تھیں۔ ہمانشو نے اپنے فرسٹ کلاس کیریئر میں اب تک 23 میچوں میں 77 وکٹیں حاصل کی ہیں، انہوں نے 17 لسٹ اے میچوں میں 21 اور 7 ٹی ٹوئنٹی میچوں میں 5 وکٹیں حاصل کیں۔

## سہ فریقی ون ڈے سیریز کیلئے فول پروف سکیورٹی کی حکمت عملی تیار

اسلام آباد، 31 جنوری (آئی این ایس انڈیا): پاکستان، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان سہ فریقی ون ڈے کرکٹ سیریز کے لیے فول پروف سکیورٹی کی حکمت عملی تیار کرلی گئی ہے۔ وفاقی حکومت نے 3 ملکی ون ڈے سیریز کے لیے پاک فوج اور رینجرز تعینات کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کی منظوری وفاقی کابینہ سے لی جائے گی۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ کی منظوری سے آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت پاک فوج اور انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997 کے تحت رینجرز کی تعیناتی ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کی درخواست پر سکیورٹی انتظامات کیے جارہے ہیں۔ یاد رہے کہ پاکستان میں سہ فریقی ون ڈے سیریز کا آغاز 8 فروری سے ہوگا جس کے فوری بعد ملک میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی منعقد ہوگی۔

## چیمپئنز ٹرافی سے قبل آسٹریلیا کو دھچکا، اہم کھلاڑی ٹورنامنٹ سے باہر




ملبورن، 31 جنوری (آئی این ایس انڈیا) : آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے قبل آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کو دھچکا لگ گیا۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق آل راؤنڈر میچل مارش کچھ دنوں سے کمر کی تکلیف کا شکار تھے جس کے سبب وہ اب چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہوگئے ہیں۔ کرکٹ آسٹریلیا کا بتانا ہے کہ ری ہیب کے دوران میچل مارش کی تکلیف میں کمی نہیں ہوئی جس کی وجہ سے وہ اب ٹورنامنٹ کا حصہ نہیں ہوں گے۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق میچل مارش مزید آرام اور ری ہیب میں حصہ لیں گے جب کہ ان کے متبادل کا اعلان جلد کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ چیمپئنز ٹرافی کے لیے حتمی اسکواڈ کی ڈیڈلائن 12 فروری ہے۔

## مچل اسٹارک نے اپنی 35 ویں سالگرہ کا دن یادگار بنا کر اہم سنگ میل کیا عبور




گالے، 31 جنوری (آئی این ایس انڈیا) :آسٹریلوی فاسٹ بولر مچل اسٹارک نے اپنی 35 ویں سالگرہ کا دن یادگار بناتے ہوئے اہم سنگ میل عبور کرلیا۔ سری لنکا کے خلاف جاری گالے ٹیسٹ میں مچل اسٹارک نے سری لنکا کے اوپنر کرونارتنیکو آؤٹ کرکے انٹرنیشنل کرکٹ میں اپنی 700 ویں وکٹ مکمل کی۔ مچل اسٹارک 700 انٹرنیشنل وکٹیں حاصل کرنے والے چھٹے تیز ترین بولر بن گئے ہیں، انہوں نے یہ سنگ میل 373 اننگز میں عبور کیا۔ اس فہرست میں سری لنکا کے سابق اسپنر مرلی دھرن پہلے نمبر پر براجمان ہیں جنہوں نے 308 اننگز میں یہ کارنامہ سرانجام دیا۔ ان کے بعد انڈیا کے روی چندرن ایشون ہیں جنہوں نے 351 اننگز میں یہ سنگ میل عبور کیا۔ ان کے علاوہ آسٹریلوی لیگ اسپنر شین وارن 354 اننگز کے ساتھ تیسرے، پاکستان کے وقار یونس 355 اننگز کے ساتھ چوتھے، آسٹریلیا کے گلین میک گرا 358 اننگز کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہیں جب کہ بریٹ لی نے 381 اننگز میں یہ کارنامہ سرانجام دیا ہے اور وہ ساتویں نمبر پر ہیں۔ پاکستان کے وسیم اکرم 382 اننگز کے ساتھ آٹھویں اور بھارت کے انیل کمبلے 389 اننگز میں 700 انٹرنیشنل وکٹیں حاصل کرکے نویں نمبر پر براجمان ہیں۔ خیال رہے کہ 2010 میں آسٹریلیا کی جانب سے انٹرنیشنل کرکٹ میں ڈیبیو کرنے والے مچل اسٹارک اب تک ٹیسٹ کرکٹ میں 377، ون ڈے میں 244 اور ٹی ٹوئنٹی میں 79 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔

## پی سی بی نے چیمپئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریبات کا شیڈول تیار کرلیا

لاہور، 31 جنوری (آئی این ایس انڈیا): پاکستان کرکٹ بورڈ نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے ایونٹ کو بھرپور طریقے سے پیش کرنے کے لیے تقریبات کا شیڈول ترتیب دے دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیمپئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریبات کا شیڈول تیار کرلیا اور چیئرمین محسن نقوی نے تمام تقریبات کی حتمی منظوری دے دی۔ چیمپئنز ٹرافی کیلئے پنڈی سمیت ملک کے تین اسٹیڈیمز کو نیا روپ دیا گیا ہے۔ 7 فروری کو قذافی اسٹیڈیم کی افتتاحی تقریب منعقد ہوگی جس کے متوقع طور پر وزیراعظم شہباز شریف مہمان خصوصی ہوں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نیشنل اسٹیڈیم کراچی کی افتتاحی تقریب 11 فروری کو ہوگی۔ صدر آصف زرداری تقریب کے متوقع مہمان خصوصی ہوں گے۔ چیمپئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریب حضوری باغ میں 16 فروری کو منعقد ہوگی۔ تقریب میں اہم ملکی شخصیات، کرکٹرز اور آئی سی سی آفیشلز شریک ہوں گے۔ ایونٹ کے شیڈول اور ٹیموں کی پاکستان آمد میں تاخیر کی وجہ سے چیمپئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریب میں تمام ٹیموں کے کپتانوں کی شرکت یقینی نہیں اور تمام 8 ٹیموں کے کپتانوں کی پریس کانفرنس اور ٹرافی کے ساتھ فوٹوشوٹ بھی نہیں ہوسکے گا۔ واضح رہے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا آغاز 19 فروری سے ہوگا، جہاں کراچی کے نیشنل اسٹیڈیم میں پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان افتتاحی میچ کھیلا جائے گا۔

## ورلڈ جونیئر چیمپئن پارتھ مانے نے 10 میٹر ایئر رائفل میں طلائی تمغہ جیتا



دہرادون، 31 جنوری (یو این آئی) عالمی جونیئر چیمپئن پارتھ مانے نے 38 ویں قومی کھیلوں میں ترشول شوٹنگ رینج میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مردوں کے 10 میٹر ایئر رائفل مقابلے میں طلائی تمغہ جیت لیا ہے۔ مہاراشٹر کے رودرنکش پاٹل نے چاندی کا تمغہ جیتا اور کرن جادھو، سروسز کے لیے کھیلتے ہوئے کانسے کا تمغہ جیتا۔

17 سالہ پارتھ مانے نے فائنل کے دوران ایک سیریز کو چھوڑ کر شروع سے ہی اپنی برتری برقرار رکھی۔ تجربہ کار شوٹرز کی موجودگی کے باوجود اس نے اپنے اعتماد اور حوصلہ کو برقرار رکھا۔ 12 ویں اور 14 ویں شاٹس میں 9.9 اور 10.0 اسکور کرنے کے باوجود اس نے اگلے 10 شاٹس میں سے چھ میں 10.7 یا اس سے زیادہ اسکور کیا۔


جب رودرنکش پاٹل نے اسے 20 شاٹس کے بعد 0.6 پوائنٹس کے مارجن کے ساتھ چیلنج کیا تو پارتھ مانے نے دباؤ میں زبردست ہمت دکھائی۔ رودرنکش پاٹل نے اپنے آخری چار شاٹس میں 42.2 پوائنٹس بنائے، لیکن پارتھ مانے نے 42.4 پوائنٹس کے ساتھ جواب دیا، جس میں 10.8 اور 10.7 کے متاثر کن شاٹس شامل تھے۔

پارتھ مانے کی شاندار شوٹنگ کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ انہوں نے 252.6 پوائنٹس کے ساتھ گولڈ میڈل جیتا جو پیرس 2024 اولمپک گیمز میں گولڈ میڈل جیتنے والے اسکور سے 0.4 پوائنٹ زیادہ تھا۔ جبکہ پارتھ مانے نے فائنل میں مسلسل برتری برقرار رکھی، رودرنکش پاٹل نے دباؤ کے لمحات میں اپنی جرأت مندانہ کارکردگی سے سب کی توجہ حاصل کی۔

رودرنکش پاٹل، جنہوں نے ورلڈ چیمپئن شپ 2022 میں ہندوستان کے لیے اولمپک کوٹہ جیتا تھا، نے اعتراف کیا کہ چوتھے نمبر پر آنے کا خیال ان کے ذہن سے گزر گیا تھا، لیکن وہ توجہ مرکوز رہے اور ہر شاٹ کو شاندار طریقے سے انجام دیا۔ پنجاب کے ارجن بابوتا، جو 16 شاٹس کے بعد برتری کی دوڑ میں تھے، کچھ 10.4 کے اسکور کے بعد چوتھے نمبر پر رہے۔ اس کے ساتھ ہی چوتھے مقام پر موجود کرن جادھو نے 20 ویں شاٹ میں دباؤ میں 10.8 پوائنٹس بنائے اور پیرس 2024 کے اولمپین کو شکست دے کر کانسے کا تمغہ جیتا۔ دہلی کے پارتھ مکھیجا کوالیفکیشن میں چوتھے مقام پر رہنے کے بعد فائنل میں پانچویں نمبر پر رہے۔ سروسز کے سندیپ سنگھ، جو 2024 کے اولمپکس میں حصہ لیں گے، چھٹے نمبر پر رہے، جبکہ ان کے ساتھی سندیپ ساتویں نمبر پر رہے۔ 2018 کے ورلڈ جونیئر چیمپئن آسام کے ہردے ہزاریکا ابتدائی راؤنڈ میں سندیپ کے 9.8 اسکور کرنے کے بعد انہیں ملنے والے موقع کا فائدہ نہیں اٹھاسکے۔

# معراج الدین کا جادو چل جائے گا

## آئی ایس ایل میں آج منی ڈربی نشیب وفراز کے درمیان لیگ لیڈر موہن بگان سپر جائینٹ کا مقابلہ آخری پوزیشن کی ٹیم محمڈن اسپورٹنگ سے




کولکاتا، 31/جنوری: کل یکم فروری کو آئی ایس ایل کے دو میچ ہیں۔ پہلا میچ شام کے 5 بجے سے پنجاب ایف سی اور بنگلورو ایف سی کے درمیان کھیلا جائے گا جبکہ دوسرا میچ رات 7.30 بجے سے محمڈن اسپورٹنگ اور موہن بگان سپر جائینٹ کے درمیان سالٹ لیک اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ محمڈن اور موہن بگان کے درمیان اس میچ کو مقابلہ برائے ''نشیب و فراز'' کہا جاسکتا ہے کیونکہ موہن بگان نے 18 میچوں میں 12 جیت 4 ڈرا اور دو شکستوں کے ساتھ 40 پوائنٹ بنا رکھے ہیں اور لیگ ٹیبل میں سرفہرست ہے جبکہ اس کے مقابلے میں ایف سی گوا 17/33، جمشید پور 17/31، نارتھ ایسٹ یونائیٹیڈ 18/28 اور بنگلورو ایف سی 18/28 ہیں جبکہ محمڈن اسپورٹنگ 17/11 ہے۔ اسی اعتبار سے دیکھ لیا جائے کہ مقابلہ ان دونوں کے درمیان کس حد تک ہے۔ محمڈن نے اب تک 17 میچوں میں 8 گول کئے اور 27 گول کھائے، موہن بگان نے 32 گول کئے اور 14 گول کھائے۔ اس اعتبار سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ مقابلہ عرش بمقابلہ فرش ہے لیکن اس وقت چند معمولی تنازعات کی بناء پر ٹیم کے سنیئر کوچ چرنیشوف آندرے نے خود کو ٹیم سے الگ کر رکھا ہے۔ اگرچہ کلب کے صدر امیر الدین بابی جو ان دنوں علیل بھی ہیں انہوں نے ہرممکنہ طور پر تنازعات کو ختم کرنے نیز بقایا جات کی ادائیگی کے بارے میں بھی اطمینان دلایا ہے۔ مسئلہ انویسٹروں کا ہے جو بات بات پر منہ ٹیڑھا کرلیتے ہیں۔ آج ٹیم کا آخری پریکٹس ہوا ور پریکٹس کے بعد اسسٹنٹ کوچ معراج الدین واڈو نے پریس کانفرنس کیا۔ شائقین 17 میچوں سے روسی کوچ آندرے کی کارکردگی دیکھ چکے ہیں اب انڈین کوچ واڈو کی کوچنگ دیکھیں دعویٰ تو نہیں کیا جاسکتا لیکن یہ کہا جاسکتا ہے کہ ان کی کوچنگ موہن بگان کو رونے پر مجبور کردے گی۔

## چمپئنز ٹرافی 2025: پاکستان نے افتتاحی تقریب اور کپتانوں کی مشترکہ پریس کانفرنس کو کیا منسوخ، آسٹریلیا-انگلینڈ ذمہ دار!

لاہور، 31 جنوری: چمپئنز ٹرافی 2025 میں صرف 3 ہفتے کا وقت رہ گیا ہے، لیکن میزبان پاکستان کے مسائل ختم ہی نہیں ہو رہے ہیں۔ ایک طرف جہاں کراچی اور لاہور جیسے اہم اسٹیڈیم ابھی تک تیار نہیں ہوئے ہیں، وہیں دوسری جانب پی سی بی نے ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے اس مرتبہ چمپئنز ٹرافی کی افتتاحی تقریب کو ہی منسوخ کر دیا ہے۔ ذرائع سے یہ بھی خبر نکل کر سامنے آرہی ہے کہ ٹورنامنٹ سے قبل ہونے والی کپتانوں کی مشترکہ پریس کانفرنس اور آفیشیل فوٹوشوٹ کو بھی منسوخ کر دیا گیا ہے۔ ہائبرڈ ماڈل کے تحت ہندوستان کے پاکستان نہ جانے کے فیصلے سے پہلے ہی پاکستان کے لیے ٹورنامنٹ کا رنگ پھیکا پڑ چکا ہے، اب اہم تقاریب کے منسوخ ہونے سے کئی طرح کے سوال بھی اٹھ رہے ہیں۔

پاکستانی میڈیا رپورٹ کے مطابق پی سی بی نے افتتاحی تقریب سمیت کئی اہم پروگراموں کو منسوخ کرنے کا فیصلہ لیا ہے۔ اس کی وجہ آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ٹیموں کا وقت پر پاکستان نہ پہنچنا ہے۔ یہ دونوں ٹیمیں ابھی سری لنکا اور ہندوستان میں ٹی 20، یک روزہ اور ٹیسٹ سیریز کھیلنے میں مصروف ہیں۔ آسٹریلیا اور سری لنکا کے درمیان 2 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلی جارہی ہے اور اس کے بعد 2 یک روزہ میچ بھی کھیلے جائیں گے۔ انگلینڈ کی بات کریں تو اس کی ٹیم فی الحال 5 میچوں کی ٹی 20 سیریز میں مصروف ہے۔ اس کے بعد انگلینڈ کو ہندوستان کے خلاف یک روزہ سیریز بھی کھیلنی ہے۔ ظاہر ہے، ایسے میں آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ٹیموں کا فوری طور پر پاکستان پہنچنا ممکن نظر نہیں آ رہا۔

قابل ذکر ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ اب تک چمپئنز ٹرافی کے لیے مقرر اسٹیڈیم کو تیار بھی نہیں کر پایا ہے، اور وقت تیزی کے ساتھ گزرتا جارہا ہے۔ اسٹیڈیم کی تیاری کی پچھلی ڈیڈ لائن پہلے ہی ختم ہو چکی ہے اور موجودہ ڈیڈ لائن بھی ختم ہونے والی ہے۔ اس درمیان ٹورنامنٹ سے قبل ہونے والی کپتانوں کی پریس کانفرنس اور فوٹوشوٹ کی منسوخی سے یہ بھی صاف ہوگیا کہ روہت شرما چمپئنز ٹرافی میں حصہ لینے کے لیے ڈائریکٹ دبئی جائیں گے۔ روہت شرما کے بارے میں یہ سوال لگاتار پوچھا جارہا تھا کہ وہ کپتانوں کی پریس کانفرنس اور فوٹوشوٹ کے لیے پاکستان جائیں گے یا نہیں۔ اب جبکہ پریس کانفرنس اور فوٹوشوٹ کی منسوخی کا فیصلہ ہو چکا ہے تو روہت شرما کے پاکستان جانے کی تمام قیاس آرائیاں بھی ختم ہوگئی ہیں۔

## آریہ نے یوگاسن مقابلے کا افتتاح کیا

الموڑہ/ نینی تال، 31 جنوری (یو این آئی) اتراکھنڈ کی وزیر کھیل ریکھا آریہ نے جمعہ کو الموڑہ میں 38 ویں قومی کھیلوں کے تحت منعقد ہونے والے یوگاسن مقابلے کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر کے کھلاڑی یہاں کی ثقافتی اور مذہبی وراثت سے واقف ہوں گے۔ وزیر کھیل نے آج یہاں 38 ویں قومی کھیلوں کے تحت منعقد ہونے والے یوگاسن مقابلے کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ اتراکھنڈ کو جیت کا مضبوط دعویدار سمجھا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الموڑہ کا تاریخی جگیشور دھام نہ صرف ملک بلکہ دنیا میں مشہور ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی بھی جاگیشور دھام گئے۔ تمام کھلاڑیوں کو وہاں جانا چاہیے۔

انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ روزانہ ایک یا دوسری ٹیم لے کر اس مندر کا دورہ کریں۔ انہوں نے کھلاڑیوں سے گولجو دیوتا کے مندر جانے کی بھی اپیل کی۔ وزیر کھیل نے کہا کہ الموڑہ میں یوگا مقابلے کا انعقاد ثقافتی شہر کے لیے فخر کی بات ہے۔ اتراکھنڈ یوگاسن کی جائے پیدائش ہے، اس لیے ہمیں یوگاسن میں اپنی ریاست کی ٹیم سے کچھ اضافی توقعات ہیں۔ وزیر کھیل نے ضلع مجسٹریٹ آلوک کمار پانڈے کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے بہت کم نوٹس پر ایک شاندار یوگاسن کا اہتمام کیا۔ یوگاسن مقابلہ 31 جنوری سے 4 فروری تک چلے گا جس میں 22 ریاستوں کے 171 کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ مقابلہ پانچ زمروں میں منعقد کیا جائے گا جس میں روایتی یوگاسن، آرٹسٹک یوگاسن (سنگل)، آرٹسٹک یوگاسن (جوڑا)، تال کی جوڑی اور آرٹسٹک گروپ شامل ہیں۔ ان تمام زمروں میں کل 66 تمغے دیئے جائیں گے۔

**His Royal Highness Prince Dr.M.A.Ali Wiyaya Natakusuma With His Majesty the King Drs Sany Wijaya Natakusuma, Royal Padjadaran Kingdom Indonesia.**



## آیوش بدونی، سمیت ماتھر نے دہلی کو 93 رنز کی برتری دلائی

نئی دہلی، 31 جنوری (یو این آئی) کپتان آیوش بدونی (99) اور سمیت ماتھر (ناٹ آؤٹ 78) کی شاندار اننگز کی مدد سے دہلی نے رنجی کے دوسرے دن اسٹمپ کے وقت ریلوے کے خلاف سات وکٹ پر جمعہ کو ہونے والے ایلیٹ گروپ ڈی کے میچ میں 334 رن بنا کر 93 رنز کی برتری حاصل کرلی۔ دہلی نے گزشتہ روز کے ایک وکٹ پر 41 رن سے آگے کھیل شروع کیا۔ دہلی کا دوسرا وکٹ یش دھول (32) رن کی صورت میں گرا۔ وہ راہل شرما کے ہاتھوں ایل بی ڈبلیو ہوئے۔ اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آئے اسٹار بلے باز ورات کوہلی صرف چھ رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ انہیں ہمانشو سنگوان نے بولڈ آؤٹ کیا۔ سنت سنگوان بھی (30) رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ اس کے بعد کپتان آیوش بدونی اور سمیت ماتھر نے اننگز کو سنبھالا۔ سنچری کی طرف بڑھ رہے بدونی کو آؤٹ کر کے کرن شرما نے دہلی کو بڑا جھٹکا دیا۔ بدونی نے 77 گیندوں میں 12 چوکے اور تین چھکے لگا کر 99 رنز بنائے۔




Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor- Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804
پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30/ چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع۔ ایڈیٹر: پریم شنکر، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی -(پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804